## دُعائے ربانی میں زندگی کے تین قوانین:

(۱) ہر روز خدا کے سامنے اپنے گناہوں کا اقرار کرو۔ (۲) ہر روز اپنی زندگی میں خدا کی مرضی کو پورا کرو۔
(۳) ہر روز اپنے آپ کو اور دوسروں کو معاف کرو۔

عزیز پیارے دوستو: دُعائے ربانی کا پہلا قانون ہماری کامیابی کی چابی ہے۔ جب ہم دوسرے اور تیسرے قانون کو پورا نہیں کر پاتے تو ہمیں پہلے قانون کے مطابق اپنے گناہوں کا اقرار کر لینا چاہیے، تو آپ دیکھیں گے کہ خدا آپ کو معاف کر دے گا۔ ہمیں اقرار کرنے کے عمل کو اپنی زندگی میں کبھی بھی نہیں روکنا چاہیے، بے شک وہ گناہ پرانے ہی کیوں نہ ہوں۔ جب ہم ان سادہ قوانین کو اپنی زندگیوں میں اپنا لیتے ہیں، تو خدا ہماری زندگیوں کو بدل دیتا ہے۔

برائے مہربانی اس سادہ دُعا کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنالیں۔

خداوند یسوع مَیں تیری مدد کا طلب گار ہوں، تو میری رہنمائی کر کہ میں کیا کرو۔ آمین (مزید معلومات کیلئے کارڈ کی دوسری جانب دیکھیں)

# پیارے دوستو!

اگر آپ نہیں جانتے کہ آپ ہمیشہ کی زندگی کہاں گزاریں گے، تو اس سادہ دُعا کو ضرور اپنے سچّے دل سے پڑھیں۔

## جیسے اُس نے میری دُعا کا جواب دیا ہے وہ آپ کی دُعا کا بھی جواب دے گا۔

زمین آسمان کے خالق اور مالک میں اس بات کا اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ میں گنہگار ہوں، اور میں اس بات کا اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ تو میرے گناہوں کی خاطر مصلوب ہوا، مر گیا، دفن ہوا اور تیسرے دن اپنے باپ کی قدرت سے زندہ ہوا۔ میں تیرے رحم کا/کی طلب گار ہوں اور صرف تو میری روح جان کو بچا سکتا ہے۔ میں تجھ کو سچے دل سے اپنی زندگی میں قبول کرتا/کرتی ہوں، اور تجھ میں جینا اور مرنا چاہتا/چاہتی ہوں۔ مسیح یسوع کے نام سے مانگتا/مانگتی ہوں۔ آمین

**خدا آپ کی مدد کرنا چاہتا ہے۔** (مزید معلومات کیلئے کارڈ کی دوسری جانب دیکھیں)